© rasailojaraid.com

## أخبار الجامعة والجماعة

### عید الأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم أثریہ اور جامعہ أثریہ للبنات میں تعطیلات

عید الأضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم أثریہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) میں تعطیلات مورخہ 17 جنوری (سوموار) بمطابق 5 ذوالحجہ بارہ بجے دن سے شروع ہوکر مورخہ 28 جنوری بمطابق 16 ذوالحجہ جمعہ کی شام تک رہیں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں 19 جنوری (بدھ) بمطابق 7 ذوالحجہ ساڑھے دس بجے دن سے شروع ہوکر مورخہ 25 جنوری بمطابق 13 ذوالحجہ (منگل) کی شام تک رہیں گی۔

جامعہ أثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں 17 جنوری (سوموار) بمطابق 5 ذوالحجہ سے شروع ہوکر مورخہ 30 جنوری بمطابق 18 ذوالحجہ (اتوار) کی شام تک رہیں گی۔ (ان شاءاللہ)

### اعوان پور گاہوڑہ (تحصیل پنڈدادنخان) میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 4 دسمبر بروز ہفتہ گاہوڑہ نزد پنڈی سید پور (پنڈ دادنخان) میں جلسہ سیرت النبیؐ زیرصدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر صاحب ہوا۔ اس جلسہ کے مہمان خصوصی جناب محمود مرزا جہلمی تھے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا عبداللطیف شہزاد خطیب جامع مسجد اہل حدیث ٹھل نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ جلسہ سے مولانا محمد نواز چیمہ صاحب، مولانا محمد یونس آزاد صاحب اور مولانا رضا اللہ صابر صاحب نے خطاب کیا۔ جلسہ کے آخر میں سوال وجواب کی ایک طویل نشست ہوئی۔ مولانا محمد نواز چیمہ صاحب نے قرآن وحدیث کی روشنی میں سوالات کے مدلّل جواب دیئے۔ یہ پروگرام رئیس الجامعہ کی دعا سے تکمیل پذیر ہوا۔

## وفیات

### مولانا حافظ محمد عبداللہ صاحب کو صدمہ

جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا حافظ محمد عبداللہ صاحب کا گیارہ ماہ کا چھوٹا بچہ محمود مورخہ 29 نومبر 2004ء بروز سوموار مختصر علالت کے بعد وفات پاگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. اسکی نماز جنازہ بعد نماز ظہر رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ ان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور اسکا نعم البدل عطا فرمائے۔ (آمین)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ماسٹر حاجی محمد یونس صاحب آف سوہاوہ کو صدمہ

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کے نمازی حاجی محمد یونس صاحب کے بھائی حاجی نذیر احمد صاحب مورخہ گیارہ نومبر کو وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون . مرحوم بڑے ہی متقی اور پرہیزگار تھے۔

## عبدالرحمٰن صاحب اور عبدالرحیم صاحب آف سوہاوہ کو صدمہ

عبدالرحمٰن اور عبدالرحیم صاحبان کے والد جناب عبدالعزیز جو کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں رہائش پزیر تھے 16 دسمبر کو وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون . مرحوم اپنے علاقہ میں جماعت اہلحدیث کے سرگرم کارکن تھے۔

ادارہ ''حرمین'' جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین


ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم


© rasailojaraid.com